**NEW** Examination POLICY

پنجاب کے تمام بورڈز کے لیے

Annual 2026

# ون ڈے فارمولا

# Sure Short Guess


## اب فیل ہونا بھول جائیں

(Solved)

# مطالعہ پاکستان

## Class 10

* Most Imp. MCQs
* Most Imp. Short Questions
* Most Imp. Long Questions




A+ Challenge

صرف 1 دن میں تیاری کر کے پڑھائی میں کمزور طلباء وطالبات شاندار کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

القدیر جناح سائنس اکیڈمی ملیاں کلاں مرید کے روڈ شیخوپورہ

Contact: 0302-4741124

# مطالعہ پاکستان (دہم)

# ون ڈے فارمولا

## Sure Short Guess Paper 2026

## مندرجہ ذیل معروضی سوالات بورڈ امتحان میں 20/20 نمبروں کی ضمانت

| سوال | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|
| 1) جنگ آزادی کب لڑی گئی؟ | 1855 | **1857 ✓** | 1859 | 1861 |
| 2) اسلام کا پانچواں رکن ہے۔ | زکوٰۃ | روزہ | نماز | **حج ✓** |
| 3) اسلام کا چوتھا رکن ہے۔ | نماز | زکوٰۃ | **روزہ ✓** | حج |
| 4) اسلام کا پہلا رکن ہے۔ | **توحید و رسالت ✓** | نماز | روزہ | زکوٰۃ |
| 5) اسلام میں اقتدارِ اعلیٰ کا مالک کون ہے؟ | **اللہ تعالیٰ ✓** | پارلیمنٹ | صدر مملکت | عوام |
| 6) اسلام کا تیسرا رکن ہے۔ | نماز | **زکوٰۃ ✓** | روزہ | حج |
| 7) ایم۔اے۔او سکول اور کالج قائم کیا: | **سر سید احمد خان نے ✓** | چوہدری رحمت علی نے | قاضی عیسیٰ نے | مولوی فضل الحق نے |
| 8) "Now or Never" نامی کتابچہ شائع ہوا۔ | 1932 | **1933 ✓** | 1934 | 1935 |
| 9) اُردو ہندی تنازعہ کب شروع ہوا؟ | 1861 | 1863 | 1865 | **1867 ✓** |
| 10) قطب الدین ایبک نے سلطنت دہلی کی بنیاد رکھی: | **1206 میں ✓** | 1207 میں | 1208 میں | 1209 میں |
| 11) قراردادِ لاہور 1940ء میں خطبہ صدارت دیا: | مولانا ظفر علی خان نے | **قائداعظم محمد علی جناح نے ✓** | لیاقت علی خان نے | شیر بنگال مولوی فضل الحق نے |
| 12) 1930ء میں مسلمانوں کو الگ ریاست کا تصور دینے والی شخصیت ہے: | قائداعظم | **علامہ محمد اقبال ✓** | سرسید احمد خان | مولانا محمد علی جوہر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 13) سٹیٹ بنک آف پاکستان کا افتتاح ہوا۔ | ✓ **یکم جولائی،1948** | مئی،51948 | اگست،141948 | یکم اکتوبر1949 |
| 14) علامہ محمد اقبال نے خطبہ الہ آباد کب دیا؟ | 1929 | ✓ **1930** | 1933 | 1940 |
| 15) اورنگ زیب عالمگیر نے وفات پائی: | ✓ **1707** | 1708 | 1717 | 1718 |
| 16) 1906ء میں قائم کی گئی: | کانگریس | ✓ **مسلم لیگ** | انجمن حمایت اسلام | مجلس احرار |
| 17) نہرو رپورٹ پیش کی گئی: | 1938 | ✓ **1928** | 1918 | 1908 |
| 18) کرپس مشن ہندوستان آیا: | 1940 | ✓ **1942** | 1944 | 1946 |
| 19) قرارداد لاہور کس شخصیت نے پیش کی؟ | ✓ **اے۔کے فضل الحق** | علامہ محمد اقبال | مولانا محمد علی جوہر | سر آغا خان |
| 20) 1942ء میں حکومت برطانیہ کا کس کی قیادت میں ایک مشن برصغیر آیا؟ | سر پیتھک لارنس | اے۔وی۔الیگزینڈر | ✓ **سر سٹیفورڈ کرپس** | لارڈ ویول |
| 21) قائداعظم نے اپنے مشہور چودہ نکات کب پیش کیے؟ | 1909 | 1919 | ✓ **1929** | 1939 |
| 22) قانون آزادی ہند کب منظور ہوا؟ | اگست،141947 | ✓ **جولائی،181947** | اکتوبر،241948 | جون،31948 |
| 23) قائداعظم مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟ | ✓ **1913** | 1915 | 1916 | 1919 |
| 24) محمد بن قاسم نے سندھ فتح کیا: | ✓ **712 میں** | 713 میں | 714 میں | 715 میں |
| 25) ٹیپو سلطان نے جام شہادت نوش کیا: | 1796 میں | 1797 میں | 1798 میں | ✓ **1799 میں** |
| 26) سید احمد شہید اور ان کے رفیق خاص سید اسمٰعیل بالاکوٹ میں سکھوں کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوگئے: | 1830 میں | ✓ **1831 میں** | 1832 میں | 1833 میں |
| 27) سرسید احمد خان 17 اکتوبر 1817 میں پیدا ہوئے: | آگرہ میں | کلکتہ میں | ✓ **دہلی میں** | میسور میں |
| 28) سرسید احمد خان نے مراد آباد میں ایک سکول قائم کیا: | ✓ **1859 میں** | 1858 میں | 1857 میں | 1856 میں |
| 29) پہلی جنگ عظیم شروع ہوئی: | 1912 | 1913 | ✓ **1914** | 1915 |
| 30) تحریک خلافت کا آغاز ہوا: | ✓ **1919** | 1920 | 1921 | 1922 |
| 31) نہرو رپورٹ کی وجہ سے دونوں قوموں کے درمیان تعلقات ہوگئے: | ✓ **خراب** | اچھے | ختم | بُرے |
| 32) چودھری رحمت علی نے علامہ اقبال کے تصور کو "پاکستان" کا نام دیا: | 1932 | ✓ **1933** | 1934 | 1935 |
| 33) مسلمانوں نے یوم نجات منایا: | 20 دسمبر 1939 کو | 21 دسمبر 1939 کو | ✓ **22 دسمبر 1939 کو** | 23 دسمبر 1939 کو |
| 34) جنگ پلاسی میں شہید ہوئے: | ٹیپو سلطان | ✓ **نواب سراج الدولہ** | حیدر علی | شاہ ولی اللہ |
| 35) قائداعظم نے حالات کی نزاکت کو بھانپتے ہوئے فوری طور پر دارالحکومت بنایا: | اسلام آباد کو | ✓ **کراچی کو** | لاہور کو | فیصل آباد کو |
| 36) پاکستان اور بھارت کے درمیان "سندھ طاس" کا معاہدہ کس کی مدد سے ہوا؟ | تولیتی کونسل | سلامتی کونسل | عالمی عدالت | ✓ **عالمی بینک** |
| 37) لیاقت علی خان کب شہید ہوئے؟ | 17 اکتوبر 1951 | ✓ **16 اکتوبر 1951** | 15 اکتوبر 1951 | 14 اکتوبر 1951 |
| 38) راولپنڈی کے کمپنی باغ میں پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان کو گولی مار کر شہید کر دیا گیا: | 14 اکتوبر 1951 کو | 15 اکتوبر 1951 کو | ✓ **16 اکتوبر 1951 کو** | 17 اکتوبر 1951 کو |
| 39) قرارداد مقاصد کب منظور ہوئی؟ | 1930 | 1940 | 1946 | ✓ **1949** |
| 40) 1956ء کا آئین کتنی دیر نافذ العمل رہا؟ | 2 سال 3 ماہ | 2 سال 5 ماہ | ✓ **2 سال 7 ماہ** | 2 سال 9 ماہ |

M QADIR RAFIQUE

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 156) محترمہ بے نظیر بھٹو پاکستان کی وزیر اعظم بنیں: | ایک مرتبہ | ✓ **دو مرتبہ** | تین مرتبہ | چار مرتبہ |
| 157) ارفع کریم نے کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں اعلیٰ قابلیت کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا: | ✓ **9 سال کی عمر میں** | 10 سال کی عمر میں | 11 سال کی عمر میں | 12 سال کی عمر میں |
| 158) وہ پاکستان کی پہلی خاتون ہیں جو 2018 سے 2013 تک قومی اسمبلی کی سپیکر رہیں: | فاطمہ صغریٰ | بیگم جہاں آرا شاہنواز | ✓ **ڈاکٹر فہمیدہ مرزا** | لیڈی نصرت ہارون |
| 159) سٹیٹ بنک آف پاکستان کی گورنر رہ چکی ہیں: | ✓ **شمشاد اختر** | ڈاکٹر فہمیدہ مرزا | ثمینہ بیگ | فاطمہ صغریٰ |
| 160) پاکستان کی حکومت سے تمغہ امتیاز حاصل کر چکی ہیں: | ✓ **ثمینہ بیگ** | شمشاد اختر | ارفع کریم | بلقیس ایدھی |
| 161) ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کا تعلق پاکستان کے صوبے سے ہے: | پنجاب | ✓ **سندھ** | خیبر پختونخواہ | بلوچستان |
| 162) دنیا کے سات براعظموں کی سات بلند چوٹیوں کو بھی سر کر چکی ہیں: | شمشاد اختر | ✓ **ثمینہ بیگ** | صغریٰ فاطمہ | ارفع کریم |
| 163) پنجاب میں لڑکیوں کی شادی کی قانونی عمر ہے: | چودہ سال | ✓ **سولہ سال** | اٹھارہ سال | بیس سال |
| 164) پنجاب حکومت نے "پنجاب تحفظ نسواں ایکٹ" منظور کیا: | جنوری 2010 24 | فروری 2015 16 | ✓ **فروری 2016 24** | ستمبر 2017 15 |
| 165) پنجاب میں شادی کی قانون عمر ہے۔ | لڑکے اور لڑکی کیلئے 14 سال | ✓ **لڑکے 18، لڑکی 16 سال** | لڑکے اور لڑکی کیلئے 16 سال | لڑکے کیلئے 18 اور لڑکی کیلئے 16 سال |
| 166) خواتین تشدد کے خلاف کس نمبر پر شکایات کر سکتی ہیں: | ✓ **1043** | 1085 | 1016 | 1030 |
| 167) پاکستان کے آئین کے مطابق انسانوں کو آزادانہ زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے: | 1971 کے | 1972 کے | ✓ **1973 کے** | 1974 کے |
| 168) متاثرہ خواتین اگر سنٹر نہیں آسکتیں تو ان کے لیے قائم کیے گئے ہیں: | دفاتر | پولیس اسٹیشن | ✓ **ٹال فری نمبر** | مراکز |

# مختصر سوالات (حصہ اول)

**سوال نمبر 1: نظریے کے چار ماخذ لکھیے۔**

**جواب:** نظریے کے چار اہم ماخذ درج ذیل ہیں:

1. مشترکہ مذہب
2. مشترکہ سیاسی مقاصد
3. مشترکہ تعلیمی مقاصد
4. مشترکہ معاشی مقاصد

**سوال نمبر 2: نظریہ پاکستان کی تعریف کریں۔**

**جواب:** نظریہ پاکستان سے مراد ایک الگ خطہ زمین کا حصول ہے جس میں مسلمانان برصغیر قرآن وسنت کی روشنی میں اپنی زندگیاں گزار سکیں اور اسلامی قدروں و نظریات کو محفوظ کر سکیں۔ یہ تحریک پاکستان اور تعمیر پاکستان کے مجموعی تصور کا نام ہے۔

**سوال نمبر 3: عقیدہ رسالت کی تعریف کریں۔**

**جواب:** عقیدہ رسالت سے مراد تمام رسولوں پر ایمان لانا ہے۔ دائرہ اسلام میں داخل ہونے کے لیے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو اللہ کا آخری نبی اور رسول ماننا اور اس بات پر یقین رکھنا ضروری ہے کہ آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

**سوال نمبر 4: نظریہ پاکستان کے عناصر میں عقائد سے کیا مراد ہے؟**



M QADIR RAFIQUE

**جواب:** نظریہ پاکستان کے عناصر میں عقائد سے مراد توحید، رسالت، آخرت، ملائکہ اور الہامی کتابوں پر ایمان لانا ہے۔ عقائد کے مجموعے کو ایمان کہتے ہیں۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور حضرت محمد ﷺ کی ختم نبوت پر یقین رکھنا بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔

**سوال نمبر5: دو قومی نظریے سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** دو قومی نظریے سے مراد یہ ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں دو بڑی قومیں (ہندو اور مسلمان) آباد ہیں جو صدیوں ساتھ رہنے کے باوجود اپنے عقائد، مذہب اور ثقافت میں ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں اور آپس میں گھل مل نہیں سکیں۔ اسی نظریے کی بنیاد پر پاکستان کا قیام عمل میں آیا۔

**سوال نمبر6: برصغیر میں دو قومی نظریے کی ابتداء کب ہوئی؟**

**جواب:** برصغیر میں دو قومی نظریے کی ابتدا مسلمانوں کی آمد اور 712ء میں محمد بن قاسم کی فتح سندھ سے ہوئی۔ محمد بن قاسم کے حسن سلوک اور رواداری سے متاثر ہو کر بہت سے مقامی لوگ دائرہ اسلام میں داخل ہوئے، جس سے خطے میں مسلمانوں کی الگ شناخت قائم ہوئی۔

**سوال نمبر7: ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کرنے کا مقصد کیا تھا؟**

**جواب:** ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کرنے کا بنیادی مقصد معاشی استحصال تھا اور ایسی پالیسیاں بنانا تھا جن سے زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ خود انگریزوں کو حاصل ہو۔ انہوں نے اپنی صنعت و تجارت کے تحفظ کے لیے مقامی عوام پر بھاری ٹیکس لگائے۔

**سوال نمبر8: اب یا پھر کبھی نہیں (Now OR Never) کے عنوان سے شہرہ آفاق کتابچہ کب اور کس نے جاری کیا؟**

**جواب:** شہرہ آفاق کتابچہ "اب یا پھر کبھی نہیں" (Now or Never) چودھری رحمت علی نے 28 جنوری 1933ء کو جاری کیا۔ اس کتابچے میں انہوں نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک الگ وطن کا نام "پاکستان" تجویز کیا۔

**سوال نمبر9: قائداعظم نے یکم جولائی 1948 کو سٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے کیا فرمایا؟**

**جواب:** قائداعظم نے فرمایا کہ مغرب کا معاشی نظام انسانیت کے لیے مسائل پیدا کر رہا ہے اور انصاف قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ہمیں دنیا کے سامنے ایک ایسا معاشی نظام پیش کرنا چاہیے جو اسلام کے صحیح تصورِ مساوات اور سماجی انصاف کے اصولوں پر مبنی ہو۔

**سوال نمبر10: برصغیر میں جنوبی ایشیا میں مسلمانوں کی آمد کب ہوئی؟**

**جواب:** برصغیر جنوبی ایشیا میں مسلمانوں کی آمد 712ء میں محمد بن قاسم کی فتح سندھ سے شروع ہوئی۔ اس کے بعد تبلیغ اسلام کے لیے آنے والے عربوں نے سندھ اور ملتان میں آباد ہو کر اسلام کی اشاعت میں اہم کردار ادا کیا۔

**سوال نمبر11: میثاق لکھنو میں مسلمانوں کو کیا فوائد حاصل ہوئے؟**

**جواب:** 1916ء کے میثاق لکھنو میں کانگریس نے پہلی بار مسلمانوں کو ایک الگ قوم تسلیم کیا اور ان کے جداگانہ انتخابات کے مطالبے کو مانا۔ یہ مسلمانوں کی سیاسی کامیابی تھی جس کی بدولت قائداعظم کو "ہندو مسلم اتحاد کا سفیر" قرار دیا گیا۔

**سوال نمبر12: تحریک علی گڑھ کا بنیادی مقصد تحریر کریں۔**

**جواب:** تحریک علی گڑھ کے بنیادی مقاصد میں مسلمانوں اور انگریز حکومت کے درمیان اعتماد بحال کرنا، مسلمانوں کو جدید علوم اور انگریزی زبان سیکھنے کی طرف راغب کرنا، اور انہیں سیاست میں حصہ لینے سے پہلے تعلیم حاصل کرنے کا شعور دینا شامل تھا۔

**سوال نمبر13: تحریک ہجرت کا نتیجہ نکلا؟**

**جواب:** تحریک ہجرت (1920ء) کے نتیجے میں ہزاروں مسلمان خاندان اپنا گھر بار بیچ کر افغانستان ہجرت کر گئے، لیکن افغانستان نے انہیں داخلے کی اجازت نہ دی۔ جب یہ لٹے پٹے مسلمان واپس آئے تو ان کے پاس بربادی کے سوا کچھ نہ تھا اور انہیں شدید مالی و سماجی نقصان اٹھانا پڑا۔

**سوال نمبر14: مسلم لیگ کے قیام کے پس منظر میں کیا محرکات شامل تھے؟**

**جواب:** مسلم لیگ کے قیام کے محرکات میں تقسیم بنگال (1905ء) پر ہندوؤں کا ردعمل، انگریزوں کا مسلمانوں کے ساتھ متعصبانہ رویہ، مسلمانوں کا احساس محرومی اور انہیں سیاسی طور پر نظر انداز کیا جانا شامل تھا۔ ان وجوہات کی بنا پر مسلمانوں نے اپنی الگ سیاسی جماعت بنائی۔

**سوال نمبر15: قرارداد لاہور کب اور کس نے پیش کی؟**



M QADIR RAFIQUE

**جواب:** درآمدات سے مراد وہ اشیا اور خدمات ہیں جو ایک ملک اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے دوسرے ممالک سے خریدتا ہے۔ برآمدات سے مراد وہ اشیا ہیں جو ایک ملک دوسرے ممالک کو فروخت کر کے زرِ مبادلہ کماتا ہے۔

**سوال نمبر 131: پاکستان کی اہم بندرگاہوں کے نام لکھیں۔**

**جواب:** پاکستان کی اہم بندرگاہیں یہ ہیں:

1. کراچی پورٹ (سب سے بڑی)
2. پورٹ قاسم (کراچی)
3. گوادر پورٹ (بلوچستان)

**سوال نمبر 135: بیگم رعنا لیاقت علی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب:** بیگم رعنا لیاقت علی خان پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان کی اہلیہ تھیں۔ وہ تحریک پاکستان کی سرگرم کارکن تھیں۔ انہوں نے "اپوا" (APWA) کی بنیاد رکھی اور خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں۔ وہ سندھ کی پہلی خاتون گورنر بھی رہیں۔

**سوال نمبر 136: "بی اماں" کون تھیں؟**

**جواب:** "بی اماں" کا اصل نام **عابدی بیگم** تھا۔ وہ تحریک خلافت کے رہنماؤں مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی کی والدہ تھیں۔ انہوں نے اپنے بیٹوں کو آزادی کی تحریک کے لیے وقف کیا اور خواتین میں سیاسی شعور بیدار کیا۔

**سوال نمبر 137: ارفع کریم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب:** ارفع کریم رندھاوا پاکستان کی ایک ہونہار طالبہ تھیں جنھوں نے صرف 9 سال کی عمر میں دنیا کی کم عمر ترین "مائیکروسافٹ سرٹیفائیڈ پروفیشنل" (MCP) ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ وہ آئی ٹی کے میدان میں پاکستان کا فخر تھیں۔

**سوال نمبر 139: عالمی ادارہ صحت کے مطابق تشدد کی تعریف کریں۔**

**جواب:** عالمی ادارہ صحت (WHO) کے مطابق تشدد سے مراد جسمانی قوت یا طاقت کا ایسا ارادی استعمال ہے (چاہے وہ دھمکی ہو یا حقیقت) جو کسی شخص، گروہ یا کمیونٹی کے خلاف ہو اور جس سے جسمانی چوٹ، موت، نفسیاتی نقصان یا محرومی کا خطرہ ہو۔

**سوال نمبر 140: اقوام متحدہ کے مطابق تشدد کی تعریف کریں۔**

**جواب:** اقوام متحدہ کے مطابق تشدد سے مراد وہ عمل ہے جس سے کسی انسان (خاص طور پر خواتین) کو جسمانی، جنسی یا نفسیاتی تکلیف پہنچے، بشمول ایسی حرکتوں کی دھمکیاں، جبریا آزادی سے زبردستی محرومی، چاہے یہ عوامی زندگی میں ہو یا نجی زندگی میں۔

ویمن پروٹیکشن ایکٹ) کے تحت ضلعی سطح پر قائم کیا گیا ہے۔

**سوال نمبر 142: خواتین پر تشدد کی شکایات آپ کن نمبر پر کر سکتے ہیں؟**

**جواب:** خواتین پر تشدد کی شکایات کے لیے پنجاب ویمن ہیلپ لائن **1043** پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ پولیس ہیلپ لائن **15** بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

# حصہ انشائیہ

## باب 2: تحریکِ پاکستان اور پاکستان کا قیام

5. تحریک علی گڑھ پر سیاسی، سماجی اور تعلیمی پہلوؤں سے روشنی ڈالیں۔ **(v.v.v.imp.)**
6. قائد اعظم کے چودہ نکات لکھیں۔
7. قائد اعظم کی سیاسی اور آئینی کوششوں کے حوالے سے قیام پاکستان میں کردار کو بیان کریں۔ **(v.v.v.imp.)**
8. قیام پاکستان کے بعد پیش آنے والی ابتدائی مشکلات کا جائزہ لیں۔ **(v.v.v.imp.)**
9. قراردادِ مقاصد کے اہم نکات کو تفصیل سے بیان کریں۔ **(v.v.v.imp.)**
10. 1962ء کے آئین کی نمایاں خصوصیات لکھیں۔



M QADIR RAFIQUE